UNIVERSAL
LIBRARY

من مات ولم یحج فلیمت ان شاء یهودیاً وان شاء نصرانیاً

پچیسوین تاریخ جمادی الاخرہ کی



سید طفیل احمد بلگرامی نی لکھا

محمد حسین اور ولی محمد نی اہتمام مین چھپا ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین

امابعد یہہ رسالہ ہی آداب الحرمین اسمین مسائل ضروری حج کی اور زیارت مدینہ منورہ
کی اردو مین صاف صاف بیان ہی شرح وقایہ اور ردالمختار وغیرہ سی بندۂ عاجز
خرم علی نے بموجب فرمائش سید میرک جان شاہ لکھنوی کی سنہ ۱۲۴۹ ہجری مین مرتب
کیا حق تعالی مسلمین کو اس سی فائدہ بخشی آمین **مقدمہ** صحیح بخاری اور مسلم مین ابوہریرہ سی
روایت ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک عمرہ دوسری عمرہ تک درمیانی گناہونکو مٹاتا ہے
اور مقبول حج کا تو سوای بہشت کی کوئی بدلا نہین اور صحیح مسلم مین ابوہریرہ سی روایت
ہی کہ حضرت نے فرمایا کہ جو بیت اللہ مین آیا اسطرح کہ نہ اوسنی عورت سی صحبت کی اور نہ گناہ
کیا تو ایسا بیگناہ ہوجاتا ہی جیسی کہ اوسکی ماں نی جنا اور صحیح مسلم مین عمرو بن عاص سی
روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسلام اگلی گناہونکو ڈہاتا ہی اور ہجرت اگلی گناہونکو ڈہاتی ہے

ہج اچھی لساہون کوڈہاتا ... ہج ... ہی فصل حج

فرض ہی جو اوسکو نمانی وہ کافر ہی حج اوس مسلما ... ہی جو آزاد اور

... رست اور مقدور والا ہو یعنی آتی جاتی اہل وعیال کی حسیح ... سوای اونکی پاس خرچ

اور سواری میسر ہو اور راہ مین امن ہو اور عورت پر او سوقت فرض ہی کہ اونکی ساتھ خاوند

یا محرم ہو تمام عمر بہر مین ایکبار حج فور ... اعنی مقدور ہو کر سستی کرنا سخت گناہ ہی

فرائض حج

حج مین تین چیز ... وقوف یعنی عرفی

... دن عرفات مین ٹہرنا اگرچہ ایک ساعت ہی ہو ... نے یارہ ان تین سی اگر کوئی

ترک ہو تو حج نہو **واجبات حج** وقوف مزدلفہ یعنی وہان کا ٹہرنا اور صفا

درمیان دوڑنا اور کنکریان مارنا اور طواف الصدر یعنی طواف رخصت مسافر کو کرنا اور سر

منڈوانا یا بال کترانا اور میقات سی احرام باندہنا اور عرفات مین غروب تک ٹہرنا اور

طواف حجر اسود سی شروع کرنا اور طواف اپنی طرف سی کرنا اور طواف پیادہ کرنا اگر عذر

نہو اور طواف مین باطہارت ہونا لیکن اکثر اسکو سنت کہتی ہین اور طواف مین ستر عورت

کرنا اور صفا مروی کی دوڑ صفا سی شروع کرنا اور اس دوڑ مین پیادہ پا ہونا اگر عذر

نہو اور قران اور تمتع کرنیوالی کو ایک بکری ذبح کرنا اور سات بار طواف کرکی

دو رکعت پڑہنا اور کنکریان مارنی اور سر منڈانی اور ذبح مین ترتیب کرنا یعنی قربانی

کی دن اول کنکریان ماری پہر سر منڈاوی بعد ذبح کی اور طواف الزیارۃ قربانی کی

دنون مین کرنا اور طواف بیت ا... کرنا اور قاعدہ واجب پہچاننی کا یہہ ہی

کہ جسکی ترک کرنی سی ذبح کرنا لازم ... چنانچہ اسکی تفصیل آگی مذکور ہوگی

فرض واجب کی سوای جو کام ہی سو سنت ہے با ادب جیسی حج میں کشایش کرنا اور طہارت سے
رہنا اور زبان کو گالی اور غیبت سی روکنا اور ماں باپ اور بیٹی اور رضامندی سے اجازت سفر
کی لینا اور مسجد میں دو رکعت پڑھ کی دوستوں سی رخصت ہونا اونسی قصور معاف کرانا
اپنی حق میں دعا منگوانا جمعہ اور اتوار کے دن سفر کرنا چلنی کی وقت کچھ خیرات دینا **فصل**
حج کی ایام شوال اور ذیقعدہ اور عشرہ ذیحجہ ہین ان دنوں سی پہلی احرام باندھنا مکروہ
اور عمرہ کرنا سنت موکدہ ہی عمرہ یہ کہ احرام سی طواف و سعی ادا کری اور تمام سال
درست ہے مگر عرفی سی تیرہویں تاریخ تک مکروہ تحریمی ہی اور مواقیت احرام کی پانچ ہین یعنی وہ مکان
جہان سی کہہ جانی والی کو بدون احرام کی جانا درست نہین مدینہ والوں کا میقات ذوالحلیفہ ہی اور
عراق والوں کا ذات عرق اور شام والوں کا جحفہ اور نجد والوں کا قرن اور یمن والوں کا یلملم ہندستانی لوگ بھی
یلملم سی احرام باندھتی ہین انکا ان سی احرام کی تاخیر کرنا حرام ہے لیکن تقدیم درست ہے اور مکہ والی
حج کا احرام حرم میں کریں اور عمرہ کا احرام تنعیم سی **فصل** احرام کا طریقہ یہ ہے کہ وضو کری اور اگر
غسل کری تو مستحب ہے اور سر منڈانا مونچھ کترانا ناخن کٹانا پاکی لینا بھی مستحب ہی اور اگر سر بال ہوں
کنگھی کری پھر سیا تہمد باندھی اور چادر اوڑھی اور اگر تہمد اور چادر پرانی ہو تو دھو ڈالی پھر بدن میں
خوشبو لگاوی اگر میسر ہو اور دو رکعت نماز پڑھی پھر صرف حج کا کرنی والا یوں کہی کہ اللھم انی
اُرید الحج فیسرہ لی وتقبلہ منی پھر حج کی نیت اس طرح لبیک کہے لبیک اللھم لبیک
لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک
یعنی میں حاضر ہوں اے خداوند میں حاضر ہوا ہوں میں حاضر ہوں تیرے حضور میں کوئی تیرا شریک نہین ہے
حاضر ہوں مقرر سب تعریفین اور نعمتین تیری ہی ہین اور بادشاہی تیری ہی ہے کوئی تیرا شریک نہین

ن عطا ک ... زا کرے

ے اٹھا تو محرم ہو گیا سو ویسا ہی کرنا چاہیے ... ن لیے رو برو جماع کی بات

بہت سے اور گناہ سے اور فسق سے اور لڑائی جھگڑے ... ار شکار سے اور نہ دیکھے

طرف اشارہ کرے نہ کسیکو شکار بتلاوے لیکن ... ور نہ خوشبو لگاوے اور نہ ناخن

کاٹے اور منہہ کو اور سر کو نہ چھپاوے اور داڑھی او ... ہی نہ دھووے اور تمام بدن کے

بال نہ مونڈے نہ کترے اور کھاڑے اور ک ... سیا اور پگڑی اور موزا اور رنگین

خوشبودار کپڑے کو نہ پہنے لیکن حمام کر ... ن کی سایہ میں بیٹھنا درست ہے اور

سیتی ہوئی ہمیانی کو کمر پر باندھنا جائز ہے اسیطرح ہتھیار باندھنا انگوٹھی پہننا ...

پٹی کرنا بے خوشبو کا سرمہ لگانا سر اور بدن کو کھجلانا اسطرح سے کہ بال ٹوٹنے نہ پاوے

تو درست ہے محرم کو چاہیے کہ ہمیشہ لبیک کہا کرے جب نماز پڑھے اور جب بلندی پر چڑھے اور جب

پستی میں اترے اور جب سوار اور پیادوں سے ملے اور جب کہ فجر ہووے ... مکہ میں داخل

ہو تو اول مسجد الحرام میں جاوے اور باب السلام سے کمال عاجزی کرتا لبیک پکارتا

اور سنت ہے کہ غسل کر لیوے اور جب بیت اللہ پر نظر پڑے تو تین بار اللہ اکبر کہے اور کلمہ توحید

پڑھے پھر سیدھا حجر اسود کی طرف جاوے اور اللہ اکبر کہے اور کلمہ پڑھے اور نماز کی طرح رفع الیدین

کرے یعنی دونوں ہاتھ اٹھاوے اور حجر اسود کو ہتھیلی سے ملے یا چومے بشرطیکہ کسیکو تکلیف

نہ دے اور نہیں تو کسی چیز سے اسکو چھو لے پھر اسکو چومے اور اگر کثرت ہجوم سے یہہ بھی

نہ ہو سکے تو حجر اسود کے سامنے ہو کر اللہ اکبر کہے ... ہے اور حمد خدا کرے اور درود پڑھے

پھر طواف القدوم شروع کرے ... کہ حجر اسود ... طرف

لبیک اللھم لبیک ... لبیک ... لبیک

جب بیت اللہ کا دروازہ دیکھے طواف شروع کرے کہ اپنی چادر کو داہنی بغل کے نیچے
سے نکال کر بائیں مونڈھے پر ڈالے کہ بیت اللہ کا مع حطیم کے طواف کرے سات بار اور
اول تین طوافوں میں دوڑے اکڑ کے دونوں مونڈھے ہلاوے جیسے لڑنے والے صف جنگ
میں چلتے ہیں اور جب طواف میں حجر اسود آوے تو اسی طرح کرے یعنی اسکو ہاتھ لگاوے یا چومے اور
طواف میں رکن یمانی کو چھونا مستحب ہے اور طواف ختم کرے حجر اسود کو چوم کر یا چھو کر پھر
دوگانہ طواف کا مقام ابراہیم کے پاس پڑھے یا کہیں اور حرم میں ادا کرے کہ یہہ نماز سات طواف کے
بعد واجب ہے پھر نماز کے بعد حجر اسود کو چومے پھر مسجد سے باہر نکلے اور صفا پر چڑھے اور بیت اللہ کی
سامنے ہو کر اللہ اکبر اور کلمہ کہے اور درود پڑھے اور جو دل چاہے سو دعا کرے اور رفع الیدین کرے
پھر مروہ کو چلے راہ میں دو سبز میناروں کے درمیان دوڑے جب مروہ پر چڑھے تو جو صفا پر کرچکا
سو وہاں بھی کرے اسیطرح سات بار کرے صفا سے شروع کرے اور مروہ پر ختم کرے مستحب ہے کہ اسکے
بعد مسجد الحرام میں جاکر دو رکعت نماز پڑھے پھر مکے میں جا کر رہے احرام باندھے اور نفل طواف کیا کرے
جتنا اسکا جی چاہے مسافر کے حق میں نفل نماز سے نفل طواف بیت اللہ کا افضل ہے **فصل** ذی الحجہ
کی ساتویں تاریخ امام خطبہ پڑھے اور منا کا جانا اور عرفات کی نماز اور وہاں کا ٹھہرنا اور رہنا
لوگوں کو تعلیم کرے پھر نویں تاریخ عرفات میں اور گیارہویں تاریخ منا میں خطبہ پڑھے اور احکام
تعلیم کرے پھر آٹھویں تاریخ فجر کی نماز کے بعد مکے سے منا کو جاوے اور ایک رات اور دن
وہاں رہے پھر عرفہ کی فجر کو آفتاب نکلے عرفات میں جاوے سوا بطن عرنہ کے تمام عرفات
ٹھہرنے کا مقام ہے پھر جب آفتاب ڈھلے تو امام دو خطبے جمعہ کی طرح پڑھے اور احکام تعلیم کرے
اور ظہر کے وقت ظہر اور عصر کی نماز ملا کر پڑھے ایک اذان اور دو اقامت سے لیکن بدون

امام

اامام اور احرام کی ظہر اور عصر ملا … پر غسل کرکے

جاکر ٹھہری آور امام اونٹ پر سوا … قبلہ

اوسکی پیچھی قبلہ رو اوسکی آواز سنی

ڈوب جاوی تو مزدلفہ مین آوی

ہی اور وہان امام جبل قزح کی پاس … ر عشا کو ایک

اقامت سی عشا کی وقت پڑہی مغرب نماز … مین پڑہنا درست نہین پھر

رات کو وہان سی فجر کو اول وقت تاریک … ن پھر وہان ٹھہری اور دعا کری

لہ واجب ہی اور اللہ اکبر کہی اور کلمہ پڑہی اور لبیک کہی اور …

خوب ظاہر ہو جاوی تو منا مین آوی اور جمرۃ العقبہ کو نالی کی ا

اوپر سی مارنا مکروہ ہی اور ہر کنکری کی ساتھ اللہ اکبر کہی اور پہلی ہی سی لبیک کہنا

موقوف کری پھر اگر چاہی تو ذبح کری پھر سر کی بال کترا لی یا منڈاوی لیکن منڈانا افضل

ہی اسوقت سی ہر چیز حلال ہوگئی لیکن عورت سی صحبت درست نہین پھر منا کی دنون

مین یعنی دسوین گیارہوین بارہوین جب چاہی تو مکی مین طواف الزیارۃ کی واسطی

آوی لیکن دسوین تاریخ طواف کرنا افضل ہی سات بار طواف کری اگر طواف القدوم

مین اگر چکا ہو اور صفا مروہ کی درمیان دوڑ چکا ہو تو اب دوڑی اور اگر طواف القدوم

نہ کیا ہو تو ضرور اکڑی اور دوڑے پھر طواف الزیارۃ کر کی منا مین آوی اور گیارہوین تاریخ

مین جمرہ پر کنکریان ماری اول خیف کی مسجد پاس جمرہ اوسکی قریب ہو … جمرۃ العقبہ کو

سات سات کنکریان مارا … اللہ اکبر کہی … تمام

کنکریاں مارکے ٹھہرے اتنی دیر جتنی دیر مین سورہ بقر ختم ہو سو وہان اللہ اکبر کہے اور
کلمہ پڑھے اور خدا کا شکر کرے اور درود پڑھے اور دعا مانگے لیکن دسوین تاریخ اور
تیرہوین تاریخ کنکریان مارکے توقف نکرے پھر بارہوین تاریخ اور تیرہوین تاریخ اسیطرح
کرے اگر تیرہوین تاریخ وہان رہے تو یہہ مستحب ہے اور اگر تیرہوین تاریخ دوپہر ڈھلے سے پہلے کنکریان
مارے تو بھی درست ہے اور یہہ بھی درست ہے کہ تیرہوین تاریخ کو فجر ہونے کے قبل منا سے
کوچ کرے اور اگر صبح ہو گئی تو کنکریان مارنا واجب ہو گیا پھر جب مکے مین آوے تو سنت ہے کہ
وادی محصب مین اترے اگرچہ ایک ساعت سہی پھر جب مکے سے سفر کا ارادہ کرے تو طواف
الصدر یعنی رخصت کا طواف کرے سات بار اوسمین اکڑ کے نہ دوڑے پھر زمزم کا پانی پیے اور
بیت اللہ کا آستانہ چومے اور اپنا سینہ اور منہہ ملتزم مین لگاوے ملتزم اوس مکان کا نام ہے
جو حجر اسود اور دروازے کے درمیان مین ہے اور بیت اللہ کے پردون چمٹ کے فریاد کے کیطرح
اور خوب کوشش سے دعا کرے اور روتا ہوا اور پچھلے قدم چلے بیت اللہ کو دیکھتے ہوئے مسجد الحرام سے باہر
نکلے اور عورت بھی مرد کی طرح کرے لیکن سر کو نہ کھولے صرف منہہ کھولے رہے اور لبیک
پکار کے نہ کہے اور دو سبز مینار کے اندر نہ دوڑے اور سر کو نہ منڈاوے بلکہ تھوڑے بال
کتر والے اور سلا کپڑا اوسکو درست ہے اور ہجوم مین حجر اسود پاس نہ جاوے اور حیض کی حالت
مین سب کرے لیکن طواف نکرے **فصل** قران تمتع سے افضل ہے اسواسطے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے قران ہی کیا تھا اور اسواسطے کہ اوسمین مشقت بھی زیادہ ہے قران یہہ ہے کہ
حج اور عمرہ کی میقات سے ساتھ نیت کرے یعنی دو رکعت احرام کی بعد یون کہے کہ اَللّٰهُمَّ
اِنِّي اُرِيدُ الحَجَّ وَالعُمْرَةَ فَيَسِّرْهُمَا لِي وَتَقَبَّلْهُمَا مِنِّي پھر لبیک کہے اور جب مکہ مین پہنچے

[illegible] والصفا [illegible]

تو عمرے کا طواف کرے

درمیان عمرہ و حج

کے بعد احرام باندھے رہے

نکرے کہ مکروہ ہے اور دسویں

تو ساتوین آٹھوین نوین ... پہلی

تین روزے رکھے تو اوسپر ذبح ... واجب ... کا وقوف

کرے تو عمرہ باطل ہوگیا اوسکی قضا کرے ... توڑنے کی بدلے ذبح کرے ... مع افضل ہے

ہے حج سے تمتع کا یہہ طریق ہے کہ میقات سے حج کے ایام میں عمرہ

اور عمرے کا طواف اور سعی کرکے سر منڈاوے یا بال کتراوے اور ا

موقوف کرے پھر حسب آٹھوین تاریخ ذیحجہ کی آوے حج کا احرام کرے مفرد کیطرح یعنی

حج کرنے والے کیطرح لیکن اوسکو لازم ہے کہ طواف الزیارۃ میں تین طواف میں اگلے

اور چھتے اور صفا مروہ میں بھی اندر دوڑے اور دسوین تاریخ ذبح کرے اور اگر عاجز ہو تو قران

والے کی طرح روزے رکھے **فصل جنایات** یعنی قصوروں کی کفارے کا بیان اگر احرام

والا کسی عضو کو خوشبو لگاوے یا سر پر مہندی کا خضاب کرے یا تیل لگاوے یا سیا کپڑا پہنے

یا ایکدن بھر سر کو اوڑھے رہے یا چوتھائی سر یا ایک بغل یا ناف کے نیچے کے بال منڈاوے

یا ناخن کاٹے دونوں ہاتھونکے یا دونون پاؤنکے یا ایک ہاتھ یا ایک پاؤنکے ایک مجلس میں یا

طواف القدوم یا طواف الصدر ناپاکی کی حالت میں کرے ... ات ہے

چلا آوے یا طواف الزیارۃ سے تین شوط یا کم ترک کرے یا منا ... دے پھیر

دوسرے سر منڈاوے یا بوسہ لیوے یا شہوت سے عورت کو چھووے یا حلق و طواف الزیارۃ
کو قربانی کے دنوں سے تاخیر کرے یا کسی عبادت میں تقدیم تاخیر کرے جیسے کنکریان مارنے
سے پہلے سر کو منڈاوے تو اوسپر ذبح کرنا واجب ہوا خواہ بکری ذبح کرے خواہ گاے
اور اگر عضو سے کم میں خوشبو لگاوے یا سر کو ڈھانکے یا سیا کپڑا ایک دن سے کم پہنے یا چوتھائی
سر سے کم منڈاوے یا پانچ انگلیوں سے کم کے ناخون تراشے یا کسی دوسرے محرم یا حلال کا سر
مونڈے یا طواف القدوم بے وضو کرے یا طواف الصدر میں تین شوط کرے یا تین مقام
کسی مقام کی کنکریان مارنا ترک کرے تو نصف صاع گیہون صدقہ دیوے اور اگر
بیماری کے سبب سے یا کسی اور عذر سے خوشبودار چیز لگاوے یا چوتھائی سر کو منڈاوے
تو ذبح کرے یا تین صاع گیہون چھہ فقیرونکو دیوے یا تین روزے رکھے اور اگر قبل وقوف
عرفات کے جماع کرے تو حج باطل ہوا ذبح کرے اور دوسرے سال اوسکو قضا کرے اور
اگر احرام والا شکار کرے یا کسیکو شکار بتلاوے قصدا یا سہوا تو اوسپر اوسکا بدلا ہے خواہ
شکار کا جانور درندہ ہو خواہ چرندہ اور اوسکا بدلا یہہ ہے کہ جو وہان کے دو عادل آدمی
قیمت اٹکل کرین پھر اوس قیمت کا جانور مول لیکر مکہ مین ذبح کرے خواہ گیہون کو صدقہ
دیوے ہر مسکین کو نصف صاع اور اگر شکار کو زخمی کرے یا اوسکے روئین نوچے یا
اوسکا عضو کاٹے تو بقدر نقصان کے کفارہ دیوے اور اگر جانور کے پر کو اکھاڑے یا اوسکے
پانون کاٹے تو اوسکی قیمت دیوے اور اگر انڈا توڑے تو اوسکی قیمت دیوے اور اگر انڈا
توڑنے سے بچہ نکلے تو زندہ بچے کی قیمت دیوے اور اگر حرم کی گھاس کاٹے یا خودرو
درخت کو جو کسیکی ملک مین نہین کاٹے تو اوسکی قیمت دیوے اور اگر خشک ہو تو کچھہ

مضایقہ

مضائقه نهین او ... کاٹنا درست ...

مارے یا کپڑا جوؤن ... دم ... بو ...

مارے تو کچهه صدقه دے

اور چوها اور بابؤلا کت ...

اور درنده جانور جو حمله کرے تو اوسکا ... حرم کو در ...

اور بکری اور اونٹ اور پالو مرغی اور ... مرے اور اگر غیر محرم نے شکار

کیا هووے اسکی اتارےگی تو محرم کو اوسکا گوشت کهانا درست هے **فصل** اگر احرام باندهے

کے بیماری کے سبب یا دشمن کے خوف سے حج نکر سکے

قربانی مکه مین روانه کرے اور ذبح کا دن مقرر کرے

هو تو ایک قربانی اور اگر قران کی نیت کی هو تو دو قربانی بهیجے پهر جسدن قربانی

ذبح هو اوسی دن اپنا احرام اتارے اور اگر قربانی نه پهنچی او رکهه پلٹ آوے اور

احرام باندهے ره سکے تو بهی درست هے پهر دوسرے برس قضا کرے اور اگر قربانی روانه

کرنے کے بعد صحت پاوے یا خوف دور هو تو حج کرنے کو روانه هووے **فصل**

مواضع قبول دعا کعبے کے اندر اور ملتزم اور حجر اسود اور طواف اور صفا مروه

کی دوڑ مین اور زمزم اور مقام ابراهیم اور اول کعبه نظر پڑنے مین اور رکن یمانے

او حطیم اور میزاب رحمت کی تلے اور منا مین چودهوین رات کی آدهی رات مین اور

عرفات اور مزدلفه کے قیام مین دعا مقبول هوتی هے ان مکانون مین بالقصد

دعا کرے **فصل** سفر السعادت مین هے که جو حضرت صلی الله علیه وسلم کی نظر بیت

پڑھتی تو رفع الیدین کرتی اور اللہ اکبر کہتی اور یہہ دعا پڑھتی اللّٰھم انت
السّلام ومنک السّلام حیّنا ربّنا بالسّلام زد ھذا البیت تشریفا
وتعظیما وتکریما ومہابۃ وزد من حجّہ واعتمرہ تکریما وتشریفا
وتعظیما وبرّا اور رکن یمانی اور حجر اسود کی درمیان یہہ دعا پڑھتی ربّنا اٰتنا فی
الدّنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النّار اور مقام ابراہیم کی پاس
یہہ آیت پڑھتی واتّخذوا من مقام ابراھیم مصلّی اور صفا کی نزدیک یہہ آیت
پڑھتی انّ الصّفا والمروۃ من شعائر اللہ اور جب صفا پر چڑھتی تو اللہ اکبر کہتی
اور یوں فرماتی لا الہ الّا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد
وھو علی کلّ شیء قدیر لا الہ الّا اللہ وحدہ وصدق وعدہ ونصر
عبدہ وھزم الاحزاب وحدہ اور وہاں یہہ دعا فرماتی اللّٰھم انّا
نسئلک موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک والغنیمۃ من کلّ برّ
والسّلامۃ من کلّ اثم لا تدع لی ذنبا الّا غفرتہ ولا ھمّا الّا فرّجتہ ولا
کربا الّا کشفتہ ولا حاجۃ الّا قضیتہا اور عرفات میں ٹہلتی تہا کر عاجز
مسکین کی طرح یہہ دعا فرماتی اللّٰھم لک الحمد کالّذی تقول وخیرا ممّا
نقول اللّٰھم لک صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی والیک مآبی ولک
ربّ تراثی اللّٰھم انّی اعوذبک من عذاب القبر ووسوسۃ الصّدر
وشتات الامر اللّٰھم انّی اعوذبک من شرّ ما تجیء بہ الرّیح اللّٰھم انّک
تسمع کلامی وتری مکانی وتعلم سرّی وعلانیتی ولا یخفی علیک

من

مِن أمري أنا البا ... لمستجير الوجل المشفق

المعترف بذنوبه ... ابتهال المذنب

الذليل وأدعوك ...

وفاضت لك عيناه وذل جسده

بدعائك شقيا وكن بي رؤوفا

... بين و... عين

ورعرفہ کی دن اکثر اسکو فرمایا ... وحده لا شريك له له

الملك وله الحمد بيده الخير و... كل شيء قدير

حضرت نے فرمایا کہ میری دعا اور پیغمبرون کی دعا

الا الله وحده لا شريك له له الملك وله ... كل شيء

قدير اللهم اجعل في قلبي نورا وفي سمعي نورا وفي بصري نورا اللهم

اشرح لي صدري ويسر لي أمري أعوذ بك من وسواس الصدر

وشتات الأمر اللهم إني أعوذ بك من شر ما يلج في الليل وشر

ما يلج في النهار وشر ما تهب به الرياح ومن شر بوائق الدهر

باب دوسرا مدینہ کی زیارت مین **فضل** جذب القلوب مین وارد ہی کہ پیغمبر

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے میری قبر کی زیارت کی اسکو میری شفاعت

واجب ہوگئی اور جسنے حج کی بعد میری قبر کی زیارت کی گویا اسنے ... قیامت

کی اور جسنے حج کیا اور میری زیارت نکی اوسنے مجھہ پر ستم کیا

قولا و فعلا حضرت کی زیارت افضل سنت ہی حج کی بعد اسواسطی اسب ...

کی زیارت مستحب ہی تو حضرت کی زیارت بطریق اولی افضل ہوئی اور ثابت ہی کہ
حضرت اپنی قبر میں زندہ ہیں زیارت کرنی والی کی سلام کا جواب دیتی ہیں تو ایسی
نعمت سی محروم رہنا بڑی بدنصیبی ہی **فصل آداب زیارت** بعد حج کی خالص
نیت سی مدینہ منورہ کا قصد کری اور راہ میں کثرت درود کی کری جب مدینی کی
قریب پہنچی تو زیارت کی نیت سی غسل کری اور سفید کپڑی پہنی اگر عطر میسر ہو تو بدن
میں لگاوی اور جب مدینہ نمود پڑی تو سواری سی اوتر پڑی اگر ہو سکی تو مسجد شریف تک پیادہ
آوی اور جب حرم شریف میں پہنچی تو حضرت کو سلام کری یہ دعا پڑہی اَللّٰھُمَّ ھٰذَا
حَرَمُ رَسُولِكَ فَاجْعَلْهُ لِي وِقَايَةً مِّنَ النَّارِ وَاَمَانًا مِّنَ الْعَذَابِ وَسُوْءِ
الْحِسَابِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِي اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَارْزُقْنِي فِي زِيَارَةِ نَبِيِّكَ مَا رَزَقْتَهٗ
اَوْلِيَائَكَ وَاَهْلَ طَاعَتِكَ وَاغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي يَا خَيْرَ مَسْئُوْلٍ اور کمال ادب
اور شوق سی حرم شریف میں داخل ہو درود پڑہتا ہوا اور جب مسجد شریف میں داخل
ہو تو اول داہنا قدم اندر رکھی اور یہ دعا پڑہی اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِي اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ
اور درود پڑہی اور حضرت کی مصلی پر دو رکعت تحیۃ المسجد پڑہی اور بعد نماز کی شکر الہی
بجا لاوی کہ ایسی عمدہ نعمت اسکو نصیب ہوئی اوسکی بعد روضہ منورہ پاس زیارت کی
واسطی کمال شوق و ادب سی حاضر ہو اور ادب سی تین بار سلام کری کہ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْكَرِيْمُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ پہر یون کہی اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ پہر کہی ہاتہ ا

طرف

طرف ہٹ جاوی ... ال ... یا ابا بکرٍ الصدیق یا
صفی رسول اللہ و ... ذِی ... اللہ عن امۃ محمد صلی اللہ
علیہ وسلم خیراً اور اسیطرح ... ہر یارت کرے جیسا کہ معلم تبلاو
فصل جب تک مدینہ میں ہی اسکو ... نہ اوقات مسجد شریف میں جانے
ہی اور عبادات پر حریص ہی او ... ن آور درود پڑہتا ہی اور
فل نماز پڑہاکری خصوصاً اوس مقا ... ن قبر اور منبر کی درمیان ہے کہ وہاں
نماز اور دعا مقبول ہی اسواسطی کہ صحیح ... مین آیا ہی کہ میری منبر اور قبر
درمیان بہشت کی کیاری ہی اور دوسری حدیث مین آیا ہی کہ سواے بیت المقدس کے
حضرت کی مسجد کی نماز اور مسجدوں سے ہزار حصہ افضل ہی اور کعبے کی نماز مدینہ کی مسجد
سا سو حصہ زیادہ ہی تو اور مسجدوں سے لاکھ حصہ افضل ہوئی اور جب بقیع کی زیارت
جاوی تو یہہ دعا کری اللّٰہم اغفر لاہل بقیع الغرقد اللّٰہم لا تحرمنا
اجرہم ولا تفتنا بعدہم واغفر لنا ولہم پھر ہر ایک قبروں پہ
وی اصحاب اور اہل بیت کی اور سلام کری جیسا کہ مشہور ہی اور مستحب ہی
مدینہ کی اور مساجد مین نماز پڑھے خصوصاً مسجد قبا مین اور جبل احد کی اور وہاں کے
... کے زیارت کری اور وہاں اپنی واسطی خدا سی دعا
کری باقی آداب اور دعائیں وہاں کی معلم تبلا دیتی ہین زیادہ تفصیل
حاجت نہین الٰہی اپنی کرم اور فضل سے ہمکو بھی حرمین شریفین
زیارت نصیب کر آمین یارب العالمین وصلی اللہ علی سیدنا وشفیعنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

بعد تمام کرنی اس رسالہ کی عاجز محمد حسین لکھنوی مہتمم مطبع محمدی لکھنو
یہہ مناسب معلوم ہوا کہ احرام سی طواف رخصت تک ترتیب سے مقام کی دعائیں
لباب المناسک ملخص مجمع المناسک ملا رحمۃ اللہ سی جسکی شارح ملا علی قاری ہین
لکھدیجیی تا ہر مقام کی دعا وہانکی شائق کو بھی جو اس مختصر قدر ضرورت پر اکتفا کری
یہہ رسالہ فائدہ بخشی اور جو کہ اس سے زیادہ مسائل حج کی تفصیل درکار ہو کی تو اس
عاجز کی رسالہ زاد الحرمین مین ہوگا خدا نی چاہا تو قریب اسکا بھی چھاپا جاتا ہے

آغاز ادعیہ

احرام کا دوگانہ مسجد مین سنت ہی اگر اتفاقاً یہان مسجد ہو تو غیر مکروہ وقت مین کپڑی احرام کی پہن کے
دو رکعت نماز سنت احرام کی نیت کر کی پہلی رکعت مین بعد سورہ فاتحہ کی سورۂ الکافرون اور
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً
إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ پڑھی اور دوسری رکعت مین بعد سورہ اخلاص کے
رَبَّنَا آتِنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا پڑھی اور بعد
سلام کی حج کی مطابق یون زبان سی فقط حج کا کرنی والا کہی اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ
فَيَسِّرْهُ لِي وَتَقَبَّلْهُ مِنِّي اور بعضون نی یہہ بھی بڑھایا ہی وَأَعِنِّي عَلَيْهِ وَبَارِكْ
لِي فِيهِ نَوَيْتُ الْحَجَّ وَأَحْرَمْتُ بِهِ لِلّٰهِ تَعَالَى اور متمتع یعنی جو عمرہ کر کی حلال
ہو جائیگا اور پھر مکہ سی حج کی وقت حج کی نیت کریگا وہ یون کہی اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ
الْعُمْرَةَ فَيَسِّرْهَا لِي وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي اور جو پہلی لفظ یہان بھی زیادہ کری تو
أَعِنِّي عَلَيْهَا وَبَارِكْ لِي فِيهَا نَوَيْتُ الْعُمْرَةَ وَأَحْرَمْتُ بِهَا لِلّٰهِ تَعَالَى کہی

اور قارن یوں نیت کرے اللهم انی ارید العمرة والحج فیسرهما لی
وتقبلهما منی واعنی علیهما وبارک لی فیهما
واحرمت بهما لله تعالی پھر لبیک کہے لبیک اللهم لبیک لبیک
لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمة لک والملک لا شریک لک
اور اس سے زیادہ کہنا مستحب ہے جیسے لبیک وسعدیک والخیر کله بیدیک
والرغباء الیک والعمل لبیک اور حج یا عمرہ جسکی نیت
کی ہو اسکا بھی ذکر لبیک میں کرے جیسے لبیک بحجة حقا یا لبیک
بعمرة حقا یا لبیک بعمرة وحجة حقا اور لبیک کے بعد دعا بھی مستحب ہے جیسے
اللهم اعنی علی فرض الحج وتقبله منی واجعلنی من وفدک الذین رضیت
عنهم وارتضیت وقبلت اللهم احرم لک شعری وبشری
ودمی وعظامی من النار وکل شیء حرمته علی المحرم ابتغی بذلک
وجهک الکریم بہت آواز سے نہ پڑھے اور جو چاہے سو دعا مانگے جیسے
اللهم انی اسئلک رضاک والجنة واعوذ بک من غضبک و
النار جب حرم محترم کی سرحد پر پہنچے تو اطمینان قلب اور طہارت باطن وظاہر
اور فروتنی کے ساتھ استغفار کرتا دعائیں مانگتا پیادہ پا جیسے بھیک منگا
باجبروت و غفار کے سامنے جاتا ہے داخل ہو اور یہ پڑھے اللهم ان هذا
حرمک وحرم رسولک فحرم لحمی ودمی وعظمی وبشری علی النار
وامنی من عذابک یوم تبعث عبادک اور ابو الفضل

زیادہ کیا ہی اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ جب باہر کہ پڑھ رہی تو یہہ کہی اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہَا

قَرَارًا وَّارْزُقْنِیْ بِہَا رِزْقًا حَلَالًا جب بیت کی پاس پہنچی تو وہان ٹھہری اور

یہہ دعا پڑھی رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ

النَّارِ اور یہہ بھی دعا آئی ہی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَکَ نَبِیُّکَ

مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْہُ

نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور دخول بیت اللہ کا باب السلام

مستحب ہی درود پڑھتا دعا مانگتا پہلی داہنا قدم آگی بڑھاوی اور کہی اَعُوْذُ

بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْہِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ

الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ

جَمِیْعَ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ

اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ پھر یون دعا مانگی اور حجر اسود کی پاس وہی اَللّٰھُمَّ اَنْتَ

السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ

اَللّٰھُمَّ زِدْ بَیْتَکَ ھٰذَا تَشْرِیْفًا وَّتَعْظِیْمًا وَّتَکْرِیْمًا وَّبِرًّا وَّمَھَابَةً

یا جو دعا اس مقام کی رسالہ اندر لکھی ہی وہ پڑھی اور حجر اسود کو چومی یہہ کہتا ہوا

بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوةُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِیْمَانًا بِکَ

وَتَصْدِیْقًا بِکِتَابِکَ وَوَفَاءً بِعَہْدِکَ وَاتِّبَاعًا لِسُنَّةِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ

عَلَیْہِ

علیہ وآلہ ... شروع کرے ملتزم کے پاس یہ کہے ... الدنیا

حسنة وفي ... حسنة وقنا عذاب النار

الحمد لله ولا إله إلا الله والله أكبر ولا حول ولا قوة إلا بالله العلي

العظيم اور باب کعبہ کی دعا یہ ہے اللهم هذا البيت بيتك وهذا

الحرم حرمك وهذا الأمن أمنك ... مقام العائذ

بك من النار اللهم قنعني ... بما رزقتني وبارك لي فيه واخلف

على كل غائبة لي بخير لا إله ... وحده لا شريك له له الملك

وله الحمد وهو على كل شيء قدير اور رکن عراقی کے پاس یہ کہے اللهم

إني أعوذ بك من الشك والشرك والنفاق والشقاق وسوء الأخلاق

وسوء المنقلب في الأهل والمال والولد اور میزاب کی دعا یہ ہے اللهم

أظلني تحت ظل عرشك يوم لا ظل إلا ظلك ولا باقي إلا وجهك

واسقني بكأس محمد صلى الله عليه وآله وسلم شربة لا أظمأ بعدها

أبدا اور رکن شامی کے پاس یہ کہے اللهم اجعله حجا مبرورا وسعيا

مشكورا وذنبا مغفورا وتجارة لن تبور يا عزيز يا غفور رب

اغفر وارحم وتجاوز عما تعلم إنك أنت الأعز الأكرم يا عالم ما في

الصدور أخرجني من الظلمات إلى النور رکن یمانی ...

إني أسألك العفو والعافية في الدين والدنيا ...

رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان میں یہ کہے ...

من کان

حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ یہ ایک پہیرا ہوا
ساتوں پہیری اسیطرح کرکے جبکو طواف کے بعد سعی کرنی ہو وہ حجر اسود
کو چومکے مقام ابراہیم میں دو رکعت نماز واجب الطواف ہی اور پڑھی وَاتَّخِذُوْا
مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى پہر حضرت آدم علیہ السلام کی دعا مانگی اَللّٰهُمَّ
اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ
وَتَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا يُبَاشِرُ
قَلْبِيْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا يُصِيْبُنِيْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِيْ وَ
رِضًى بِمَا قَسَمْتَ لِيْ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پہر ملتزم سی چمٹ کر خشوع خضوع
کی ساتھ روتا ہوا درود پڑھتا ہوا دعا مانگی اَللّٰهُمَّ يَا وَاجِدُ يَا مَاجِدُ لَا تُزِلْ عَنِّيْ
نِعْمَةً اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ وَقَفْتُ عَلٰى بَابِكَ الْعَالِيْ وَالْتَزَمْتُ
بِاَعْتَابِكَ وَاَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَاَخْشٰى عِقَابَكَ اَللّٰهُمَّ حَرِّمْ شَعْرِيْ وَجَسَدِيْ
عَلَى النَّارِ اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وَجْهِيْ عَنْ سُجُوْدِ غَيْرِكَ فَصُنْ وَجْهِيْ عَنْ مَسْاَلَةِ
غَيْرِكَ اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ اَعْتِقْ رِقَابَنَا وَرِقَابَ اٰبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا
وَاَصْحَابِنَا وَاَحِبَّائِنَا مِنَ النَّارِ يَا كَرِيْمُ يَا غَفَّارُ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ
مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ
اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ قِنِيْ مِنَ النَّارِ وَاَعِذْنِيْ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ وَقَنِّعْنِيْ
بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اٰتَيْتَنِيْ پہر زمزم پیئے کی
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّعَمَلًا صَالِحًا وَّشِفَاءً

من كل ذلك [illegible] ثم يصعد إلى الصفا [illegible]

ابدأ بما بدأ الله به بسم الله الرحمن الرحيم إن الصفا والمروة من شعائر
الله فمن حج البيت أو اعتمر فلا جناح عليه أن يطوف بهما ومن تطوع خيرا
فإن الله شاكر عليم [illegible] الله أكبر الله أكبر الله أكبر
ولله الحمد الحمد لله على ما هدانا الحمد لله على ما أولانا الحمد لله على ما
ألهمنا الحمد لله الذي هدانا لهذا وما كنا لنهتدي لولا أن هدانا الله
لا إله إلا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد يحيي ويميت وهو حي لا
يموت بيده الخير وهو على كل شيء قدير لا إله إلا الله وحده صدق وعده و
نصر عبده وأعز جنده وهزم الأحزاب وحده لا إله إلا الله ولا نعبد
إلا إياه مخلصين له الدين ولو كره الكافرون اللهم إنك قلت وقولك
الحق ادعوني أستجب لكم وإنك لا تخلف الميعاد وإني أسألك كما هديتني
للإسلام أن لا تنزعه مني حتى توفاني وأنا مسلم سبحان الله والحمد لله
ولا إله إلا الله والله أكبر ولا حول ولا قوة إلا بالله العلي العظيم اللهم
صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وأتباعه إلى يوم الدين اللهم
اغفر لي ولوالدي ولمشائخي وللمسلمين أجمعين والسلام على المرسلين
والحمد لله رب العالمين [illegible] رب اغفر
وارحم وتجاوز عما تعلم إنك تعلم ما لا نعلم إنك أنت الأعز الأكرم
[illegible] اللهم اجعله حجا مبرورا وسعيا مشكورا وذ

[illegible]

اغفر لي ولوالدي وللمؤمنين والمؤمنات والمسلمين والمسلمات يا مجيب
الدعوات ربنا آتنا في الدنيا حسنة وفي الآخرة حسنة وقنا عذاب النار
طبرانی اور بیہقی نے ابن مسعود سے روایت کیا ہے کہ نوین شب کو [illegible] جو شخص [illegible]
جو مانگے سو پاوے وہ دعا یہ ہے سُبحانَ الَّذِي فِي السَّماءِ عَرشُهُ سُبحانَ الَّذِي
فِي الأَرضِ مَوطِئُهُ سُبحانَ الَّـ[illegible] سُبحانَ الَّذِي فِي النّارِ
سُلطانُهُ سُبحانَ الَّذِي [illegible] سُبحانَ الَّذِي فِي القَبرِ قَضاؤُهُ
سُبحانَ الَّذِي فِي الهَواءِ رُوحُهُ [illegible] الَّذِي رَفَعَ السَّماءَ سُبحانَ الَّذِي
وَضَعَ الأَرضَ سُبحانَ الَّذِي لا مَلجَأَ وَلا مَنجا مِنهُ إِلّا إِلَيهِ [illegible]
میں مذکور ہو چکی یہاں کچھ حاجت نہیں [illegible]
بسر کرے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے [illegible] اللهم أعتق
رَقَبَتِي وَأَوسِع لِي مِنَ الرِّزقِ الحَلالِ وَاصرِف فَسَقَةَ الجِنِّ وَالإِنسِ
بیہقی نے شعب الایمان میں جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے لا إله إلا الله
وَحدَهُ لا شَرِيكَ لَهُ لَهُ المُلكُ وَلَهُ الحَمدُ وَهُوَ عَلى كُلِّ شَيءٍ قَدِيرٌ [illegible]
قُل هُوَ اللهُ أَحَدٌ [illegible] اللّهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَعَلى آلِ مُحَمَّدٍ كَما صَلَّيتَ عَلى
إِبراهِيمَ وَعَلى آلِ إِبراهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ وَعَلَينا مَعَهُم [illegible]
کو جلی تو [illegible] اللّهُمَّ لا تَقتُلنا بِغَضَبِكَ
وَلا تُهلِكنا بِعَذابِكَ وَعافِنا قَبلَ ذلِكَ [illegible]
بِسمِ اللهِ اللهُ أَكبَرُ رَغماً لِلشَّيطانِ وَحِزبِهِ وَرِضىً لِلرَّحمنِ [illegible]

بعله حجا مبرورا وسعيا مشكورا وذنبا مغفورا ۔ قربانی کی وقت ربنا انی
وجهت وجهي للذي فطر السموات والارض حنيفا وما انا من المشركين ان صلاتي ونسكي ومحيا
ي ومماتي لله رب العالمين لا شريك له وبذلك امرت وانا من المسلمين اللهم تقبل مني هذا
[illegible] ات واسعلهم [illegible] وانا [illegible]
[illegible] الحمد لله على ما [illegible] عنا نسكنا اللهم هذه
اصبني ببلائك فاجعلني [illegible] يوم القيمة وامح عني بها سيئة
ارفع لي درجة في الجنة العالية اللهم بارك لي في نفسي وتقبل
مني اللهم اغفر لي وللمحلقين يا واسع المغفرة آمين بسم الله والله
اكبر ۔ جب بيت الله مين داخل کری تو یه دعا پڑهی رب ادخلني مدخل
صدق واخرجني مخرج صدق واجعل لي من لدنك سلطانا
نصيرا اللهم ادخلني جنتك كما ادخلتني بيتك وارزقني رؤيتك
اللهم يا رب البيت العتيق اعتق رقابنا ورقاب ابائنا وامهاتنا من
النار يا عزيز يا غفار اللهم يا خفي الالطاف امنا مما نخاف اللهم
اني اسئلك من خير ما سئلك منه نبيك محمد صلى الله عليه وآله
وسلم واعوذ بك من شر ما استعاذ منه نبيك محمد عليه السلام
ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم وتب علينا انك انت التواب
الرحيم جب که کسی شخص کا اراده کری تو طواف وداع جیسا که معلوم ہوا ادا کری مگر
اس طواف مین اکڑنا جهپٹنا بغل مین چادر نکالنا جسکو اضطباع کہتی ہین سعی کرنا نہین

اور بعد طواف کی جیسا کہ معلوم ہوا تین دم بین زمزم پی اور ہر دم میں بسم اللہ
والحمد للہ والصلوٰۃ علی رسول اللہ پڑہی اور اخیر مرتبہ اللّٰہم انی اسئلک
رزقًا واسعًا وعلمًا نافعًا وشفاءً من کل داءٍ پڑہی اور تہوڑا پانی سے
نہالی یا سر پر ڈالی اور اوسکی طرف دیکہی جیسا کعبہ کو دیکہنا عبادت ہی ویسا زمزم کو
بہی دیکہنا عبادت ہی اور تبرک کی واسطی پانی گہر کو لی آنا بہی درست ہی شمع اور عطر
کعبہ کا جہاڑو سی ہوا لینا درست نہیں غلاف کعبہ کا مول لینا درست ہی پہر ملتزم میں لگ کی
روئی اور دعا مانگی پاس کعبہ کی چوکہٹ کی دعا مانگتا روتا اوسکی جدائی پر افسوس کرتا الٹی
پاؤں آہستہ آہستہ تعظیم اور توقیر کی ساتہہ کعبہ کو دیکہتا باب
الوداع سی باہر آئی اور جو کچہہ ہو سکی خیرات کرے [illegible]
[illegible] کا تو اچہا ہی [illegible]
[illegible]

جانا چاہیے کہ ایسا کلمہ اپنی گہر کی [illegible]

[illegible]